# اِقْرَأْ قَاعِدَہ

# اِقرا قاعدہ

اِقرأ رَوضَۃ الاطفال کے بچّوں اور بچیّوں کیلئے خصُوصی طور
پر نئی ترتیب سے تیار کردہ اِبتدائی قاعدہ جو حفظِ قُرآن کریم کیلئے
اِنشاء اللہ تعالیٰ بہت مُفید و مُعاون ہوگا۔

**IQRA**
**IQRA RAUZATUL**
**ATFAL TRUST**

اِقرأ
اِقرأ رَوضۃُ الاطفال ٹرسٹ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# تختی نمبر ① مُفْرَدَات

الف
ا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| با ب | تا ت | ثا ث | جیم ج | حا ح | خا خ |
| دال د | ذال ذ | را ر | زا ز | سین س | شین ش |
| صاد ص | ضاد ض | طا ط | ظا ظ | عین ع | غین غ |
| فا ف | قاف ق | کاف ك | لام ل | میم م | نون ن |
| | واو و | ها ه | همزه ء | یا ي | |

# مشق متفرق

ء ہ ع ح غ خ

ق ک ج ش ی ض

ل ن ر ت د ط

ث ذ ظ ز س ص

ب م و ف

خ ص ض غ ط ق ظ

ث ذ ظ ز س ص

ء ہ ع ح غ خ

ت ط ث س ص ح ہ

ذ ز ظ ض ع ء ق ک

# تختی نمبر ۲ مُرَکَّبَات

ہدایات: (۱) مرکّب حُروف میں ہر ہر حَرف کی الگ الگ پہچان کرائیں۔ (۲) ایک جیسی شکل والے حُروف میں نقطوں کے فرق سے حُروف بدل کر شناخت کرائیں۔ (۳) اس تختی میں حُروف کو اسی طرح پڑھائیں جس طرح تختی نمبر ۱ میں پڑھاتے ہیں، البتہ ایک خانہ میں لکھے ہوئے مُرکّب حُروف کو ایک ہی سانس میں پڑھائیں، درمیان میں سانس نہ توڑیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | لا | لا | با | لا | ل |
| لا | لج | لا | بلب | ک | ك |
| کب | كت | کا | کل | بکت | تكث |
| ب | ت | ث | ن | ي | با |
| نا | تا | یا | ثا | بس | یس |
| نص | تض | ثط | ثج | تح | نخ |
| يح | بج | يم | بم | نم | تم |
| ثم | بی | یی | نی | تی | ثی |
| نبل | بنل | تنل | يتل | يثل | نبن |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بنن | تين | يثن | بثن | ج | ح |
| خ | حث | خب | جت | تحت | يجب |
| بخت | ة | ٥ | بة | يه | تة |
| نہ | ھ | يهب | بها | بهم | د |
| ذ | جد | خذ | ر | ز | ر |
| جر | خز | ير | تز | س | ش |
| شل | سل | ص | ض | ط | ظ |
| ع | غ | عج | غح | بع | يغ |
| بعد | تغذ | ف | ق | و | قل |
| فو | قو | نقر | يفر | يف | م |
| م | ء | أ | ؤ | ئ | سئل |

تمت بالخير

# تختی نمبر ۳ زبر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَ | تَ | ثَ | جَ | حَ | خَ |
| دَ | ذَ | رَ | زَ | سَ | شَ |
| صَ | ضَ | طَ | ظَ | عَ | غَ |
| فَ | قَ | كَ | لَ | مَ | نَ |
| | وَ | هَ | ءَ | اَ | يَ |

| | | |
|---|---|---|
| تَ طَ | ثَ سَ صَ | حَ هَ |
| ذَ زَ ضَ ظَ | عَ ءَ | قَ كَ |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَلَغَ | فَعَلَ | ثَمَرَ | اَمَرَ | عَبَسَ | مَكَثَ |
| رَفَعَ | زَعَمَ | ظَلَمَ | اَخَذَ | سَرَقَ | صَدَقَ |
| ضَرَبَ | كَسَبَ | خَرَجَ | مَرَجَ | حَسَدَ | سَجَدَ |
| شَرَحَ | خَتَمَ | وَلَدَ | وَرَدَ | فَرَضَ | فَطَرَ |

# تختی نمبر ۴ زیر ـِـ

بَ بِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِ | تِ | ثِ | جِ | حِ | خِ |
| دِ | ذِ | رِ | زِ | سِ | شِ |
| صِ | ضِ | طِ | ظِ | عِ | غِ |
| فِ | قِ | كِ | لِ | مِ | نِ |
| | وِ | هِ | ءِ | اِ | يِ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تِ | طِ | ثِ سِ صِ | حِ هِ |
| ذِ زِ ضِ | ظِ | عِ ءِ | قِ كِ |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آذِنَ | عَهِدَ | حَمِدَ | كَرِهَ | سَخِرَ | شَرِبَ |
| عَجِبَ | غَضِبَ | اِرَمَ | عَلِمَ | يَئِسَ | يَلِجَ |
| صَعِقَ | اِبِلِ | كِبَرَ | مَلِكِ | فَلَقِ | طَفِقَ |

# تختی نمبر ۵ پیش ـُ

بَ بُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بُ | تُ | ثُ | جُ | حُ | خُ |
| دُ | ذُ | رُ | زُ | سُ | شُ |
| صُ | ضُ | طُ | ظُ | عُ | غُ |
| فُ | قُ | كُ | لُ | مُ | نُ |
| | وُ | هُ | ءُ | اُ | يُ |

| | | |
|---|---|---|
| تُ طُ | ثُ سُ صُ | حُ هُ |
| ذُ زُ ضُ ظُ | عُ ءُ | قُ كُ |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سُئِلَ | مُنِعَ | ذُكِرَ | ظُلِمَ | اَعِظُ | تَزِرُ |
| خَبُثَ | اُفُقِ | سُقِطَ | يَهَبُ | يَلِجُ | يَعِدُ |
| صُحُفِ | حُبُكِ | رُبُعُ | رُسُلُ | اُخَرُ | عُقَدِ |

# تختی نمبر ٦ دو زبر ـً

دَ دًا دًی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بًا | تًا ةً | ثًا | جًا | حًا | خًا |
| دًا دًی | ذًا | رًا | زًا | سًا | شًا |
| صًا | ضًا | طًا | ظًا | عًا | غًا |
| فًا | قًا | کًا | لًا | مًا | نًا |
| | وًا | هًا | ئًا ءً | یًا | |

| | | |
|---|---|---|
| تًا طًا | ثًا سًا صًا | حًا هًا |
| ذًا زًا ضًا ظًا | عًا ءً | قًا کًا |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آبَدًا | بَطَرًا | طَبَقًا | کَذِبًا | ثَمَنًا | صَعِقًا |
| سَفَهًا | قَصَصًا | اَسِفًا | عِنَبًا | عُرُبًا | لَعِبًا |
| ذُلُلًا | حَرَمًا | مَرَحًا | هُدًی | طُوًی | سَنَةً |

# تختی نمبر ۷ دوزیر ٍ

بٍ بٍ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٍ | تٍ | ثٍ | جٍ | حٍ | خٍ |
| دٍ | ذٍ | رٍ | زٍ | سٍ | شٍ |
| صٍ | ضٍ | طٍ | ظٍ | عٍ | غٍ |
| فٍ | قٍ | كٍ | لٍ | مٍ | نٍ |
| | وٍ | هٍ | ءٍ | يٍ | |

| | | |
|---|---|---|
| تٍ طٍ | ثٍ سٍ صٍ | حٍ هٍ |
| ذٍ زٍ ضٍ ظٍ | عٍ ءٍ | قٍ كٍ |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَمَدٍ | أُكُلٍ | حِجَجٍ | لَهَبٍ | فُرُشٍ | صُحُفٍ |
| خَبَرٍ | سُرُرٍ | غَضَبٍ | خُلُقٍ | ظُلَلٍ | بِقَبَسٍ |
| رَقَبَةٍ | هُمَزَةٍ | لُمَزَةٍ | نَفَقَةٍ | بِدَمٍ | كَذِبٍ |

# تختی نمبر ۸ دو پیش ٌ

| | |
|---|---|
| بٌ | بٌ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٌ | تٌ | ثٌ | جٌ | حٌ | خٌ |
| دٌ | ذٌ | رٌ | زٌ | سٌ | شٌ |
| صٌ | ضٌ | طٌ | ظٌ | عٌ | غٌ |
| فٌ | قٌ | كٌ | لٌ | مٌ | نٌ |
| | وٌ | هٌ | ءٌ | يٌ | |

| | | |
|---|---|---|
| تٌ طٌ | ثٌ سٌ صٌ | حٌ هٌ |
| ذٌ زٌ ضٌ ظٌ | عٌ ءٌ | قٌ كٌ |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَعِبٌ | دِيَةٌ | حَرَجٌ | جُدَدٌ | اَحَدٌ | سُرُرٌ |
| بَشَرٌ | مَرَضٌ | مَلَكٌ | رُسُلٌ | رَجُلٌ | قَسَمٌ |
| اُمَمٌ | حُرُمٌ | اُذُنٌ | بَقَرَةٌ | غَبَرَةٌ | قَتَرَةٌ |

# تختی نمبر ۹ جزم

ـْـ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تِّ | ةٍّ | تْ | آتْ | اِتْ | اُتْ |
| اَبْ | اِبْ | اُبْ | اَتْ | اِتْ | اُتْ |
| اَثْ | اِثْ | اُثْ | اَجْ | اِجْ | اُجْ |
| اَحْ | اِحْ | اُحْ | اَخْ | اِخْ | اُخْ |
| اَدْ | اِدْ | اُدْ | اَذْ | اِذْ | اُذْ |
| اَرْ | اِرْ | اُرْ | اَزْ | اِزْ | اُزْ |
| اَسْ | اِسْ | اُسْ | اَشْ | اِشْ | اُشْ |
| اَصْ | اِصْ | اُصْ | اَضْ | اِضْ | اُضْ |
| اَطْ | اِطْ | اُطْ | اَظْ | اِظْ | اُظْ |
| اَعْ | اِعْ | اُعْ | اَغْ | اِغْ | اُغْ |
| اَفْ | اِفْ | اُفْ | اَقْ | اِقْ | اُقْ |
| اَكْ | اِكْ | اُكْ | اَلْ | اِلْ | اُلْ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | اِمْ | اُمْ | اَنْ | اِنْ | اُنْ |
| اَوْ | ☆ | اُوْ | اَهْ | اِهْ | اُهْ |
| اَءْ | اِءْ | اُءْ | اَیْ | اِیْ | ☆ |

ہدایات: (۱) اقرا قاعدہ کے صفحہ نمبر ۳ پر درج حروف کو ساکن کر کے ان کی بھی اسی طرح مشق کرا دی جائے (۲) اسی مقام پر حروفِ قلقلہ (ق ط ب ج د) کی شناخت اور ان کی مشق بھی کرا دی جائے (۳) حسبِ سابق ان مشقوں کے لئے بھی تختہ سیاہ سے ضرور مدد لی جائے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | اَمْ | اِنْ | اَوْ | زِدْ | ذَرْ |
| ذُقْ | دَعْ | مَنْ | لَوْ | عِدْ | قَدْ |
| خُذْ | هُمْ | مِنْ | کَیْ | کُنْ | هَبْ |
| کَمْ | لَمْ | قُمْ | بَلْ | سَلْ | تُبْ |
| قُلْ | مِنْهُمْ | مِنْکُمْ | اَنْتُمْ | لَکُمْ | لَهُمْ |

## مشق

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُقْتُلْ | نَقْصُصُ | مَکْرًا | بَطْشَ | قِطْرِ | اَتْمِمْ |
| حَبْلُ | صَبْرًا | اَجْرُ | زَجْرَةٌ | صِدْقِ | قَدْحًا |
| شَاْنُ | یَاْتِکُمْ | بِئْسَ | قُرِئَ | یُؤْمِنُ | مُؤْصَدَةٌ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَرْسَلَ | نَرْفَعُ | اُرْكُضْ | وَاْمُرْ | فَاصْبِرْ | يَغْفِرْ |
| مَتْرَبَةٍ | نُطْفَةٍ | بِالْاِثْمِ | يُثْخِنَ | تَسْمَعُ | فَصْلٌ |
| تَحْسَبُهُمْ | اَحْسَنُ | اَهْدِكُمْ | نَعْبُدُ | يَاْمُرُ | وَاعْبُدْ |
| اِذْهَبْ | رِزْقًا | يَظْلِمْ | قَضْبًا | مَقْرَبَةٍ | يَكْلَؤُكُمْ |
| اَخْرَجْتَكَ | بِضْعِ | اَغْطَشَ | اَطْهَرُ | اِقْرَاْ | اَظْفَرَكُمْ |
| اُزْلِفَتْ | رِزْقُكُمْ | اَسْتَغْفِرُ | مَسْغَبَةٍ | فَاصْفَحْ | تَصْلِيَةُ |
| اَثْقَلَتْ | مُثْقَلَةٌ | بِاِذْنِ | تَذْهَلُ | مُظْلِمًا | اَظْهَرَ |
| رَاْيِ | ظَهْرَكَ | نَعْبُدُ | نَحْنُ | يَغْفِرُ | مُخْرِجُ |
| اِنْ اَنْتَ | مِنْهُمْ | اَنْعَمْتَ | وَانْحَرْ | لِمَنْ خَشِيَ | وَالْمُنْخَنِقَةُ |
| يَنْطِقُ | عِنْدَهُمْ | لَكُنْتُمْ | اَنْقَضَ | يَنْكُثُ | مِنْكُمْ |
| مِنْ ثَمَرَةٍ | نُنْجِ | اَنْذِرْ | اَنْزِلْ | نَنْسَخْ | يَنْشُرْ |
| يَنْصُرْ | مِنْ ضُعْفٍ | فَانْظُرْ | فَتَنْفَخُ | مِنْ قَسْوَرَةٍ | مُنْكَرَةٌ |
| اَتْمِمْ | اَمْسِكْ | طِبْتُمْ | قُلْتُمْ | اَمْهِلْ | اَلْحَمْدُ |

# تختی نمبر ۱۰ کھڑا زبر

ٰا

| | |
|---|---|
| بَ | بٰ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٰ | تٰ | ثٰ | جٰ | حٰ | خٰ |
| دٰ | ذٰ | رٰ | زٰ | سٰ | شٰ |
| صٰ | ضٰ | طٰ | ظٰ | عٰ | غٰ |
| فٰ | قٰ | كٰ | لٰ | مٰ | نٰ |
| | وٰ | هٰ | ءٰ | اٰ | يٰ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تٰ | طٰ | ثٰ | سٰ | صٰ | حٰ | هٰ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰ | زٰ | ظٰ | ضٰ | عٰ | ءٰ | قٰ | كٰ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | اٰلَ | عٰهَدَ | اٰدَمَ | مٰلِكِ | ذٰلِكَ |
| اَنْزَلْنٰهُ | اِسْحٰقَ | سَلٰمٌ | كِتٰبٌ | اِلٰهٌ | عِمْرٰنَ |
| اٰثٰرِ | اٰيٰتِ | خٰلِتٰكَ | قٰنِتٰتٌ | حٰفِظٰتٌ | سَمٰوٰتٍ |
| صَلٰوةً | زَكٰوةً | قَلٰى | سَجٰى | اَغْنٰى | تَرْضٰى |

# تختی نمبر (۱۱) کھڑی زیر

بِ بٖ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٖ | تٖ | ثٖ | جٖ | حٖ | خٖ |
| دٖ | ذٖ | رٖ | زٖ | سٖ | شٖ |
| صٖ | ضٖ | طٖ | ظٖ | عٖ | غٖ |
| فٖ | قٖ | كٖ | لٖ | مٖ | نٖ |
| | وٖ | ہٖ | ءٖ اٖ | یٖ | |

| | | |
|---|---|---|
| تٖ طٖ | ثٖ سٖ صٖ | حٖ ہٖ |
| ذٖ زٖ ظٖ ضٖ | عٖ ءٖ | قٖ كٖ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | هٰذِهٖ | اٰيٰتِهٖ | بِيَدِهٖ | كُتُبِهٖ | رُسُلِهٖ |
| اٖلٰفِ | اِبْرٰهٖمَ | وَجْهِهٖ | بِعَبْدِهٖ | قَلْبِهٖ | قَدْرِهٖ |
| مِثْلِهٖ | بِنَصْرِهٖ | نَفْسِهٖ | رَاْسِهٖ | ظُلْمِهٖ | فَضْلِهٖ |
| بِرَحْمَتِهٖ | بِاَمْرِهٖ | بَرْقِهٖ | بَعْدِهٖ | اٖلٰفِهِمْ | يُحْيٖ |

# تختی نمبر ۱۲ اُلٹا پیش ٗ

بُ بٗ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٗ | تٗ | ثٗ | جٗ | حٗ | خٗ |
| دٗ | ذٗ | رٗ | زٗ | سٗ | شٗ |
| صٗ | ضٗ | طٗ | ظٗ | عٗ | غٗ |
| فٗ | قٗ | كٗ | لٗ | مٗ | نٗ |
| | وٗ | هٗ | ءٗ | یٗ | |

| | | |
|---|---|---|
| تٗ طٗ | ثٗ سٗ صٗ | حٗ هٗ |
| ذٗ زٗ ظٗ ضٗ | عٗ ءٗ | قٗ كٗ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَدَهٗ | مَعَهٗ | يَرَهٗ | اَمَرَهٗ | كَتَبَهٗ | قَتَلَهٗ |
| نَصَرَهٗ | وَرِثَهٗ | نِعَمَهٗ | يَاْكُلُهٗ | اَنْشَرَهٗ | اَكْرَمَهٗ |
| اَقْبَرَهٗ | اَطْعَمَهٗ | يَبْسُطُهٗ | قَبْضَتُهٗ | وَجْهَهٗ | صَدْرَهٗ |
| خِتٰمُهٗ | كِتٰبَهٗ | سُبْحٰنَهٗ | وٗرِیَ | يَسْتَوٗنَ | يَلْوٗنَ |

# تختی نمبر ۱۳ الف مدّہ آ ـــ ا

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَ | بٰ | بَ ا | بَا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَا | تَا | ثَا | جَا | حَا | خَا |
| دَا | ذَا | رَا | زَا | سَا | شَا |
| صَا | ضَا | طَا | ظَا | عَا | غَا |
| فَا | قَا | کَا | لَا | مَا | نَا |
| | وَا | هَا | ءَا | يَا | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَ | بٰ | بَا | تَ | تٰ | تَا |
| رَ | رٰ | رَا | کَ | کٰ | کَا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذَاتَ | خَافَ | کَانَ | قَالَ | تَابَ | طَالَ |
| عَادُ | نَارًا | قَادِرُ | حَاسِدٍ | ظَالِمُ | ثَوَابًا |
| اَصَابَ | عَابِدُ | ضَاحِکًا | حَافِظُ | غَاسِقٍ | صَوَابًا |
| کَوَاعِبَ | فَوَاکِهَ | رَوَاسِیَ | دَاوٗدُ | غَاوٗنَ | ضُحٰهَا |

# تختی نمبر ۱۴ واو مدّہ ـُوْ

بُ بٗ بُ وْ بُوْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بُوْ | تُوْ | ثُوْ | جُوْ | حُوْ | خُوْ |
| دُوْ | ذُوْ | رُوْ | زُوْ | سُوْ | شُوْ |
| صُوْ | ضُوْ | طُوْ | ظُوْ | عُوْ | غُوْ |
| فُوْ | قُوْ | كُوْ | لُوْ | مُوْ | نُوْ |
| | وُوْ | هُوْ | اُوْ ءُوْ | يُوْ | |

| | |
|---|---|
| بُ بٗ بُوْ | تُ تٗ تُوْ |
| رُ رٗ رُوْ | كُ كٗ كُوْ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | كَانُوْا | ثُبُوْرًا | ذَرُوْنَا | قُلُوْبٌ | شُهُوْدٌ |
| قُعُوْدٌ | اَعُوْذُ | وُجُوْهٌ | حُوْرٌ | تَفُوْرُ | يَقُوْلُوْنَ |
| جُوْعٍ | يُوْفُوْنَ | يَنْظُرُوْنَ | مَنْضُوْدٍ | مَنْثُوْرًا | مَحْفُوْظٍ |

| | |
|---|---|
| يَفْعَلُوْنَ يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ | وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا |

# تختی نمبر ۱۵ ی مدّہ ـِـیْ

بِ بِ بِ یْ بِیْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِیْ | تِیْ | ثِیْ | جِیْ | حِیْ | خِیْ |
| دِیْ | ذِیْ | رِیْ | زِیْ | سِیْ | شِیْ |
| صِیْ | ضِیْ | طِیْ | ظِیْ | عِیْ | غِیْ |
| فِیْ | قِیْ | کِیْ | لِیْ | مِیْ | نِیْ |
| | وِیْ | هِیْ | ئِیْ اِیْ | یِیْ | |

| | |
|---|---|
| بِ بِ بِیْ | تِ تِ تِیْ |
| رِ رِ رِیْ | کِ کِ کِیْ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَخِیْ | نُرِیْ | کُلِیْ | رُوْحِیْ | اُوِیْ | دِیْنِیْ |
| تَجْزِیْ | کَثِیْرًا | مَجِیْدٌ | مُحِیْطٌ | نَذِیْرٌ | کَرِیْمٍ |
| یَتِیْمًا | عَلِیْمٌ | عِیْنٌ | غِیْضَ | قِیْلَ | سِیْقَ |
| خٰلِدِیْنَ | لٰبِثِیْنَ | مَاکِثِیْنَ | نُوْحِیْهَا | اِیْتُوْنِیْ | اُوْذِیْنَا |

# تختی نمبر ⑯ واو لین [ـَـوْ]

## بُوْ بَ وْ بَوْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَوْ | تَوْ | ثَوْ | جَوْ | حَوْ | خَوْ |
| دَوْ | ذَوْ | رَوْ | زَوْ | سَوْ | شَوْ |
| صَوْ | ضَوْ | طَوْ | ظَوْ | عَوْ | غَوْ |
| فَوْ | قَوْ | كَوْ | لَوْ | مَوْ | نَوْ |
| | وَوْ | هَوْ | ءَوْ اَوْ | يَوْ | |
| تُوْ | تَوْ | طُوْ | طَوْ | حُوْ | حَوْ |
| هُوْ | هَوْ | اُوْ | اَوْ | عُوْ | عَوْ |
| صَوْمًا | زَوْجًا | غَوْرًا | سَوْفَ | سَوْطَ | كَوْثَرَ |
| قَوْلُ | اَوْتَادًا | عَفَوْنَا | رَوْحُ | يَرَوْنَهَا | اَوْهَنَ |
| حَوْلَهٗ | يَوْمَ | تَوْبَةٌ | فَوْقَ | يَنْهَوْنَ | يَنْئَوْنَ |
| يَوْمَئِذٍ | قَوْمِيْ | اَوْحٰى لَهَا | تَوَاصَوْا | مَوْقُوْفُوْنَ | يَسْتَوْفُوْنَ |

# تختی نمبر ۱۷ ی لین ـَیْ

بِیْ بَ یْ بَیْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَیْ | تَیْ | ثَیْ | جَیْ | حَیْ | خَیْ |
| دَیْ | ذَیْ | رَیْ | زَیْ | سَیْ | شَیْ |
| صَیْ | ضَیْ | طَیْ | ظَیْ | عَیْ | غَیْ |
| فَیْ | قَیْ | کَیْ | لَیْ | مَیْ | نَیْ |
| | وَیْ | هَیْ | اَیْ لٔیْ | یَیْ | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تِیْ | تَیْ | طِیْ | طَیْ | حِیْ | حَیْ |
| هِیْ | هَیْ | اِیْ | اَیْ | عِیْ | عَیْ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رُوَیْدًا | هَدَیْنَا | اٰتَیْنَا | اَعْطَیْنَا | بَیْنَهُمَا | كَیْدًا |
| اَیْنَ | عَیْنٌ | قُرَیْشٍ | عَیْنَیْنِ | زَیْتُوْنٍ | هَیْهَاتَ |
| خَیْرٌ | بِدَیْنٍ | عَلَیْهِمْ | اَنْجَیْنَا | وَیْلٌ | رَاَیْتَ |

| | | |
|---|---|---|
| لَیْلَةُ الْقَدْرِ | اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ | یٰلَیْتَ قَوْمِیْ |

# تختی نمبر ۱۸ تشدید ـــّـ

| | | |
|---|---|---|
| اَتْ | اَتَّ = اَتْ تَ | خَفَّتْ = خَفْ فَتْ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبَّ | اَتَّ | اَثَّ | اَجَّ | اَحَّ | اَخَّ | اَدَّ |
| اَذَّ | اَرَّ | اَزَّ | اَسَّ | اَشَّ | اَصَّ | اَضَّ |
| اَطَّ | اَظَّ | اَعَّ | اَغَّ | اَفَّ | اَقَّ | اَكَّ |
| اَلَّ | اَمَّ | اَنَّ | اَوَّ | اَهَّ | اَءَّ | اَیَّ |

## مشق

غنہ = میم مشدد اور نون مشدد پر ہمیشہ ہمیشہ غنہ ہوتا ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صَدَّقَ | قَدَّرَ | كَذَّبَ | عَلَّمَ | حُصِّلَ | عَدَّدَ |
| مُدَّتْ | حُقَّتْ | خَفَّتْ | يَسِّرْ | تَبَّتْ | تَقَبَّلْ |
| تَبَّ | صَبَّ | ظَنَّ | ثُمَّ | مِمَّ | هُنَّ |
| عِلِّيُّوْنَ | عِلِّيِّيْنَ | اِنَّ الَّذِيْنَ | اِلَّا الَّذِيْنَ | يَزَّكّٰى | يَذَّكَّرُ |
| حَتّٰى | لَشَتّٰى | صَلّٰى | تَوَلّٰى | تَجَلّٰى | وَالضُّحٰى |
| عَدُوٌّ | مُسْتَمِرٌّ | عَرَبِيٌّ | سَامِرِيُّ | فِى الْيَمِّ | فَطَلٌّ |

# تختی نمبر ۱۹ مدّات

اُوْذِیْنَا  اَلِفِ  وٰرِیَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَطَآءِ | غُثَآءً | نِسَآءً | اَدَآءٌ | سَوَآءٌ | جَزَآءُ |
| جَآئِءَ | سِیْٓءَ | یُضِیْٓءُ | بَرِیْٓءٌ | خَطِیْٓئَتُهٗ | سُوْٓءِ |
| بِمَآ اُنْزِلَ | قَالُوْٓا اٰمَنَّا | بَنِیْٓ اٰدَمَ | یٰٓاٰدَمُ | یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا | |
| اُولٰٓئِكَ | مَلٰٓئِكَةُ | آلْئٰنَ | آٓمِّیْنَ | وَالصّٰٓفّٰتِ | وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ |
| صَوَآفَّ | غَیْرُ مُضَآرٍّ | وَلَا جَآنٌّ | لَضَآلُّوْنَ | ظَآنِّیْنَ | وَلَا الضَّآلِّیْنَ |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ | هٰٓؤُلَآءِ | فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ○ | | | |
| هَنِیْٓــًٔا مَّرِیْٓــًٔا | اَتُحَآجُّوْنِّیْ | فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰی ○ | | | |

## حُرُوْفِ مُقَطَّعَات

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | الٓمّٓصٓ | الٓرٰ | الٓمّٓرٰ | كٓهٰيٰعٓصٓ |
| طٰهٰ | طٰسٓمّٓ | طٰسٓ | یٰسٓ | صٓ |
| حٰمٓ | حٰمٓ ○ | عٓسٓقٓ ○ | قٓ | نٓ |

# تختی نمبر ۲۰ مشق متفرق

قاعدہ: (۱) اگر لفظ اللہ اور اَللّٰھُمَّ کے "ل" سے پہلے زبر یا پیش ہو تو اس "ل" کو موٹا اور اگر زیر ہو اُسے باریک پڑھتے ہیں۔ (۲) بقیہ ہر "ل" ہر صورت میں باریک پڑھا جاتا ہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ

الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ - قَالُوا اللّٰھُمَّ - مِنَ اللّٰہِ - تَاللّٰہِ - بِاللّٰہِ

لِلّٰہِ - عَلَّمَ الْاِنْسَانَ - وَالَّیْلِ - زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَا ○

قاعدہ: (۱) "م" مشدّد پر ہمیشہ غنّہ ہوتا ہے۔ (۲) اسی طرح "م" ساکن کے بعد "م" یا "ب" آ جائے تو وہاں بھی قاعدہ کے مطابق غنّہ ہوتا ہے۔ (۳) البتہ "م" ساکن کے بعد "م" یا "ب" کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے تو وہاں غنّہ نہیں ہوتا

عَمَّ - ثُمَّ - اُمَّةٍ - مُسَمًّی - فِی الْیَمِّ - مُزَّمِّلُ - فَلَمَّا

لَکُمْ مِّنْهُ - وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ - وَلَکُمْ مَّا - اِلَیْکُمْ مُّرْسَلُوْنَ

یَعْتَصِمْ بِاللّٰہِ - تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ - کَفَرْتُمْ بِهٖ - فَدَمْدَمَ - اَلَمْ نَشْرَحْ

قاعدہ: (۱) "ن" ساکن یا تنوین کے بعد حروف حلقی (ء ہ ع ح غ خ) میں سے کوئی حرف آجائے تو "ن" ساکن اور تنوین کو غنہ کے بغیر پڑھتے ہیں۔ (۲) اسی طرح اگر ن ساکن یا تنوین کے بعد "ل" یا "ر" آ جائے تب بھی غنہ نہیں کرتے اور "ن" کی آواز بھی نہیں آتی:

یَنْـَٔوْنَ - مَنْ اٰمَنَ - یَنْهَوْنَ - مَنْ هَاجَرَ - اَنْعَمْتَ - مِنْ عَلَقٍ

وَانْحَرْ - مَنْ حَرَّمَ - فَسَیُنْغِضُوْنَ - مِنْ غَیْرِکُمْ - وَالْمُنْخَنِقَةُ - لِمَنْ خَشِیَ

وَجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ○ جُرُفٍ هَارٍ - وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ نَارًا حَامِيَةً ○

اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ○ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ○ مِنْ لَّدُنْهُ - مَنْ رَّحِمَ - مِنْ رَّبِّكَ

مَالًا لُّبَدًا - جَنّٰتٍ لَّهُمْ - زَبَدًا رَّابِيًا - فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ○

قاعدہ: (۱) ن ساکن یا تنوین کے بعد ی و ن م میں سے کوئی حرف آجائے تو قاعدہ کے مطابق غنہ کرتے ہیں۔ (۲) البتہ الدنیا، بنیان، صنوان اور قنوان کے "ن" ساکن پر غنہ نہیں کرتے۔

اِنْ يَّنْصُرْكُمُ - وَاِنْ يُّرِيْدُوْا - اَفَمَنْ وَّعَدْنَا - مِنْ وَّالٍ

خَيْرًا يَّرَهٗ ○ شَرًّا يَّرَهٗ ○ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ○ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ○

اِنْ نَّقُوْلُ - مِنْ نَّارٍ - شَيْءٍ نُّكُرٍ - مِنْ مَّآءٍ - مِنْ مِّثْلِهٖ - خَيْرٌ مِّنْهُ

اَلدُّنْيَا - بُنْيَانٌ - قِنْوَانٌ - صِنْوَانٌ - بُنْيَانَهٗ - بُنْيَانًا

قاعدہ: ن ساکن یا تنوین کے بعد "ب" آجائے تو ن کو م سے بدل کر م میں غُنّہ کرتے ہیں:

اَنْۢبِئُوْنِيْ - مِنْۢ بَعْدِ - مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ - بِذَنْۢبِهِمْ - مَنْۢ بَخِلَ

اَمَدًاۢ بَعِيْدًا - كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ○ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ○ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

قاعدہ: (۱) امالہ والی را کو قطرے اور سویرے کی را کی طرح پڑھتے ہیں۔ (۲) جہاں سکتہ ہو وہاں پر آواز بالکل تھوڑی دیر کے لئے روک لیتے ہیں لیکن سانس نہیں توڑتے:

مَجْرٖىهَا - مَنْ سکتہ رَاقٍ - بَلْ سکتہ رَانَ - مِنْ مَّرْقَدِنَا سکتہ هٰذَا

قاعدہ: (۱) درجِ ذیل مثالوں میں جو چھوٹا سا "ن" ہے اسے نون قطنی کہتے ہیں۔ اسے ہجہ اور رواں میں پڑھتے ہیں۔ (۲) البتہ جب اس لفظ پر وقف کریں جس کے آخر میں نون قطنی ہو تب نہیں پڑھتے :

عَادَا ِۨ الْاُوْلٰى ۝ خَيْرَا ِۨ الْوَصِيَّةُ - مَثَلَا ِۨ الْقَوْمُ - لُمَزَةِ ِۨ الَّذِى - قَدِيْرُ ِۨ الَّذِى

قاعدہ: اگر مشدّد حرف سے پہلے ساکن حرف ہو تو عام طور پر ساکن حرف کو نہیں پڑھتے، نہ ہجہ میں نہ رواں میں:

اِضْرِبْ بِّعَصَاكَ - قَدْ دَّخَلُوْا - اِذْ ذَّهَبَ - وَاذْكُرْ رَّبَّكَ

يَجْعَلْ لَّهٗ - اَوْ وَّزَنُوْهُمْ - يُدْرِكْكُّمُ - فَلَا يُسْرِفْ فِّى الْقَتْلِ

مَهَّدْتُّ - وَجَدْتُّمْ - قَالَتْ طَّآئِفَةٌ - اِذْ ظَّلَمُوْا - اِذْ ظَّلَمْتُمْ

اِرْكَبْ مَّعَنَا - اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ - مِنْ لَّدُنْهُ - مِنْ رَّبِّكَ - قُلْ رَّبِّ

تنبیہ: درجِ ذیل صورتوں میں ہمزہ کی ادائیگی کا خاص خیال رکھا جائے:
(۱) اگر دو ہمزے جمع ہو جائیں تو دونوں کو خوب واضح کر کے ادا کیا جائے۔ (۲) ساکن حرف کے بعد ہمزہ ہو تو ساکن حرف ہمزہ دونوں کو خوب واضح کر کے ادا کریں۔ (۳) ہمزہ کے بعد والا حرف پُر پڑھا جا رہا ہو تو خیال رکھیں کہ ہمزہ پُر نہ ہو جائے۔

ءَاِنَّا - ءَاِذَا كُنَّا - ءَاَنْتُمْ - ءَاَلِدُ - ءَاَنْذَرْتَهُمْ - ءَاَرْبَابٌ

قَدْ اَفْلَحَ - وَالْاَرْضَ - وَمَنْ اَظْلَمُ - مِنْ اَنْفُسِهِمْ - اِنْ اَجْرِىَ

اَقْرَرْتُمْ - اَرْسٰهَا - اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ - اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

تنبیہ: (۱) جب دو حروف حلقی جمع ہو جائیں یا (۲) جب حروف مدہ اور حروف حلقی جمع ہو جائیں یا (۳) حروف مدہ کے بعد کوئی حرف حلقی ہو جس پر وقف کیا جائے یا (۴) حرف حلقی مشدّد ہو تو ان سب صورتوں میں حروف حلقی کو واضح اور بالکل صاف صاف ادا کیا جائے :

جِبَاهُهُمْ - وُجُوهُهُمْ - فَقُطِّعَ عَلٰى - لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ

بِمُزَحْزِحِهٖ - سَبِّحْهُ - وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ

اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَا - لَاجُنَاحَ عَلَيْكُمْ - زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ

اَللّٰهُ اَحَدٌ ۝ - اَلَمْ اَعْهَدْ - اَعُوْذُ - فَاصْفَحْ عَنْهُمْ

فَاعِلِيْنَ - عَلٰى عَقِبَيْهِ - لَفِىْ عِلِّيِّيْنَ ۝ لَاجُنَاحَ - لَآ اُضِيْعُ - اِلٰهَ

عَابِدٌ - حَافِظٌ ۝ اَعُوْذُ - عَاهَدَ - جُوْعٍ ۝ سُوْٓءٍ - فَعَّالٌ - وَهَّاجًا

تنبیہ: ملتی جلتی آواز والے حروف جمع ہو جائیں تو ان میں فرق کا خاص خیال رکھا جائے۔

اَلَيْسَ الصُّبْحُ - مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ - عَزِيْزٌ ذُوانْتِقَامٍ ۝ - اِذِ الظّٰلِمُوْنَ

مُتَطَهِّرِيْنَ - مَبْسُوْطَتٰنِ - نَجْزِى الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَوَعَظْتَ - اَفَضْتُمْ

فَمَنِ اضْطُرَّ - يَعَضُّ الظَّالِمُ - اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝

تنبیہ: جب مشدّد حرف پر وقف کیا جائے تو تشدید کی ادائیگی کا خاص خیال رکھا جائے۔ خصوصًا جبکہ رّ مشدّد نّ مشدّد اور یّ مشدّد پر وقف کیا جائے:

اَذَلَّ - فَظَلَّ - عَدُوٌّ - مُسْتَمِرٍّ - وَالْمُعْتَرَّ - مَفَرُّ

اَيْدِيْهِنَّ - عَلَيْهِنَّ - صَوَآفَّ - يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

قاعدہ: (۱) اگر گول تا (ۃ) پر وقف کیا جائے تو اسے ہ سے بدل کر ساکن کر دیتے ہیں۔ (۲) اگر دو زبر (ـً) پر وقف کیا جائے تو اسے ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔ (۳) اگر کسی ایسے لفظ پر وقف کیا جائے جس کے آخر میں کوئی حرکت (ـَـِـُ) یا دو زیر (ـٍ) یا دو پیش (ـٌ) کی تنوین ہو تو آخری حرف کو ساکن کر دیتے ہیں۔

نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ○ نَارًا حَامِيَةً ○ كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ○ وَجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ○

هُدًى - نِسَآءً - اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ○ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ مِنْ مَّسَدٍ ○ بِدَمٍ كَذِبٍ ط

قاعدہ: (۱) اگر کسی لفظ کے آخری حرف پر کھڑی حرکت (ـٰـٖـٗ) ہو تو وقف کی صورت میں کوئی تبدیلی نہیں آتی (۲) البتہ اگر ۃ پر کھڑی حرکت ہو تو اسے ساکن کر دیتے ہیں۔

وَالضُّحٰى ○ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ○ يُحْيٖ - تَجَلّٰى - كِتٰبَهٗ - رُسُلِهٖ

قاعدہ: اگر حروفِ مدہ یا ساکن حروف پر وقف کیا جائے تو کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

اَنْزَلْنَا - قَالُوْا - اِيْتُوْنِيْ - فَانْصَبْ ○ فَارْغَبْ ○ لَمْ يَلِدْ ○

قاعدہ: اگر وقف کی وجہ سے حروف مدہ، کھڑی حرکات یا حروف لین کے بعد والا حرف ساکن ہو جائے تو حروفِ مدہ، کھڑی حرکات اور حروفِ لین پر مد کرتے ہیں۔

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ○ غٰوُوْنَ ○ عَيْنَيْنِ ○ وَاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ○

وَاِلَيْهِ مَتَابِ ○ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

# ہدایات واشارات برائے تدریس اقرأ قاعدہ

**تختی نمبر۱** اس تختی کے مقاصد درج ذیل ہیں

**(۱)** عربی حروف کی پہچان، لہٰذا

(۱) پہلے شکل کی شناخت کرائیں، پھر نقطوں کی، پھر ایک جیسی شکلوں کو نقطوں کے ذریعہ حروف میں تبدیل کریں۔

(۲) نقطوں کی تعداد اور اوپر یا نیچے کا تصور بھی واضح کریں۔

(۳) ایک جیسی شکل والے حروف ایک ہی مرحلہ میں پڑھائیں پھر بتدریج آگے بڑھاتے جائیں۔

(۴) نقطوں کی تبدیلی سے حروف کی تبدیلی کو بھی واضح کرائیں۔

**(۲)** عربی حروف کے درست تلفظ کی تعلیم، لہٰذا

(۱) مفرد حروف کے وہی نام یاد کرائیں جو لکھے ہوئے ہیں۔

(۲) حروف کو ان کے مخرج سے صحیح ادا کرائیں۔

(۳) ادائیگی میں مخارج کے ساتھ صفات کا بھی خیال رکھیں۔

(۴) مخارج وصفات زبانی بتانے کے ساتھ ساتھ عملی مشق کے ذریعہ بھی اصلاح کرائیں۔

**(۳)** درج ذیل حروف کی ادائیگی پر خاص توجہ دیں:

(۱) موٹے حروف (خ ص ض غ ط ق ظ)

(۲) سیٹی والے حروف (ز س ص)

(۳) نرمی والے حروف (ث ذ ظ)

(۴) حروف حلقی (ء ہ ع ح غ خ)

(۵) ف اور و

**(۴)** اس تختی کو مکمل پڑھانے کے بعد مختلف مقامات سے مفرد حروف کا امتحان لیں۔ اگر پہچان میں کمی ہو تو مزید محنت کرائیں۔

**تختی نمبر۲** قاعدہ میں ضروری ہدایت درج ہیں۔

**تختی نمبر۳** (۱) زبر کی شناخت کرائیں اور اس کے پڑھنے کا طریقہ بتائیں کہ زبر والے حرف کو کھینچے بغیر اور جھٹکا دیے بغیر پڑھتے ہیں۔

(۲) اس تختی میں بچوں کو ہجے، رواں اور وقف تینوں کی تعلیم دیں۔

(۳) مفردات رواں بھی پڑھائیں۔

(۴) حروف متشابہ الصوت (ملتی جلتی آواز والے حروف) میں فرق کا خیال رکھیں۔

(۵) "ر" پر زبر ہو تو اسے پُر پڑھائیں۔

(۶) بچوں کو رواں پڑھنے کا عادی بنائیں۔

(۷) وقف میں حروف قلقلہ پر قلقلہ کرائیں۔

**تختی نمبر۴** مثل بالا، البتہ

(۱) "ر" کے نیچے زیر ہو تو اسے باریک پڑھائیں۔

(۲) سحر کی ر وقف میں باریک پڑھائیں۔

(۳) زیر کو مجہول پڑھنے سے بچائیں۔

**تختی نمبر۵** مثل بالا، البتہ

(۱) "ر" کے اوپر پیش ہو تو اسے موٹا پڑھائیں۔

(۲) ذکر اور تترٍ کی "ر" وقف میں باریک پڑھائیں۔

(۲) اس تختی کو شروع کرانے سے پہلے سمجھا دیں کہ زبر، زیر، پیش میں سے ہر ایک کو حرکت کہتے ہیں۔

(۳) حرکت والے حرف کو کس طرح پڑھتے ہیں اچھی طرح دوبارہ سمجھا دیں۔

**تختی نمبر۶** (۱) زبر کی مدد سے دو زبر کی شناخت کرائیں۔

(۲) یہ بھی یاد کرا دیں کہ (۱) دو زبر کو تنوین کہتے ہیں (۲) تنوین والا حرف غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

(۳) سمجھا دیں کہ دو زبر کی تنوین میں عام طور پر الف اور کہیں کہیں ی (ا، ی) لکھتے ہیں جسے پڑھتے نہیں ہیں، جیسا کہ تختی میں دونوں مثالوں میں۔

(۴) وقف کا قاعدہ سمجھا دیں کہ (۱) گول "ۃ" پر وقف کرتے وقت اسے "ہ" سے بدل کر ساکن کر دیتے ہیں۔

(۲) دو زبر والے حرف پر وقف کریں تو اسے ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

(۵) بقیہ حسب سابق

**تختی نمبر۷** مثل بالا البتہ ضمہ اور کسرہ کی "ر" کو دونوں میں باریک اور وقف میں پُر پڑھائیں۔

**تختی نمبر۸** مثل بالا البتہ تنوین کی تینوں تختیاں پڑھانے کے بعد دوبارہ سمجھا دیں کہ (۱) دو زبر، دو زیر اور دو پیش میں سے ہر ایک کو تنوین کہتے ہیں۔

(۲) تنوین والا حرف غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

**تختی نمبر۹** یوں تو ہر تختی بلکہ ہر ہر حرف اور لفظ پورے اہتمام کے ساتھ پڑھائیں لیکن تختی نمبر ۹ میں بہت ہی زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔ لہٰذا طریقہ تعلیم کا خیال رکھتے ہوئے درج ذیل امور کا خاص خیال رکھیں:

(۱) جزم کی اچھی طرح شناخت کرا دیں۔

(۲) یہ یاد کرا دیں کہ (۱) جزم والے حرف کو ساکن کہتے ہیں (۲) ساکن حرف اپنے سے پہلے والے حرف کے ساتھ مل کر ایک مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔

(۳) صفحہ نمبر ۱ پر ہجے دونوں کی خوب اچھی طرح مشق کرا دیں۔

(۴) "ن" ساکن کا مختصر قاعدہ سمجھا دیں۔

(۵) ہر ہر حرف کی ادائیگی میں مخارج اور صفات پر کڑی نظر رکھیں۔

(۶) ہمزہ ساکنہ کی درست ادائیگی کا خیال رکھیں۔

(۷) حروف متشابہ الصوت میں فرق کرنے کا اہتمام فرمائیں۔

(۸) حروف قلقلہ کی شناخت کرا کر خوب مشق بھی کرا دیں۔

(۹) مشق کی ترتیب میں درج ذیل امور خاص طور پر ملحوظ رکھے گئے ہیں۔ لہٰذا دوران تعلیم ان کا خیال رکھیں: قلقلہ، ہمزہ ساکنہ، حروف متشابہ الصوت، حروف حلقی، ن ساکن کے قاعدے، م ساکن اور ر ساکن کی ادائیگی۔

**تختی نمبر۱۰** (۱) زبر کی مدد سے کھڑا زبر کی شناخت کرائیں۔

(۲) کھڑا زبر کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھائیں۔

(۳) البتہ اس کے بعد والا حرف ساکن ہو (جیسا کہ وقف میں) تو تین سے پانچ کے برابر کھینچ کر پڑھائیں۔

(۴) زبر اور کھڑا زبر میں فرق سمجھا کر اچھی طرح تقابل کرا دیں۔

(۵) لفظ علی، قلی، سجی، اغنی اور ترضی پر وقف میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

(۶) خالی حروف (جیسا کہ علی، صلوۃ، زکوۃ وغیرہ میں "ی" اور "و" خالی ہیں) کو نہیں پڑھتے۔

**تختی نمبر۱۱** سب کچھ حسب سابق، البتہ

(۱) "ہ" کے نیچے کھڑی زیر ہو تو وقف میں اسے ساکن کر دیں گے۔

(۲) اگر کسی دوسرے حرف کے نیچے کھڑی زیر ہو تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

**تختی نمبر۱۲** سب کچھ حسب سابق، البتہ یہ تختی پڑھا کر سمجھا دیں کہ

(۱) حرکات کی دو قسمیں ہے بڑی حرکات اور کھڑی حرکات، زبر، زیر، پیش کو بڑی حرکات کہتے ہیں۔
اور کھڑا زبر، کھڑی زیر، الٹی پیش کو کھڑی حرکات۔

(۲) دونوں کے پڑھنے کا طریقہ اور دونوں میں فرق سمجھا کر اچھی طرح تقابل کرا دیں۔

فاطِمَةً
وقف میں ۵

**تختی نمبر۱۳** (۱) زبر اور کھڑا زبر کی مدد سے الف مدہ کی شناخت کرائیں۔

(۲) الف مدہ کو کھڑا زبر کی طرح ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھائیں۔

(۳) زبر، کھڑا زبر اور الف مدہ میں فرق اور عدم فرق سمجھا کر ان کا تقابل کرا کر ذہن نشین کرا دیں۔

(۴) الف مدہ کے بعد والا حرف ساکن ہو (جیسا کہ عموماً وقف میں ہوتا ہے) تو اسے تین سے پانچ الف کے برابر کھینچ کر پڑھائیں۔

(۵) اگر الف مدہ پر وقف ہو تو ایک الف سے زیادہ نہ کھینچنے دیں۔

**تختی نمبر۱۴** سب کچھ حسب سابق

**تختی نمبر۱۵** سب کچھ حسب سابق، البتہ یہ تختی پڑھا کر یاد کرا دیں کہ حروف مدہ تین ہیں، پھر ان کی پہچان، پڑھنے کا طریقہ سمجھا کر بڑی حرکات اور کھڑی حرکات سے ان کا تعلق (فرق اور عدم فرق) سمجھا دیں۔ تقابل بھی کرائیں۔

**تختی نمبر۱۶** (۱) "وْ" مدہ کی مدد سے "وْ" لین کی شناخت کرائیں

(۲) سمجھائیں کہ "وْ" لین کو نرمی کے ساتھ جلدی سے پڑھتے ہیں

(۳) ولین کو مجہول پڑھنے سے بچائیں

(۴) "وْ" مدہ اور "وْ" لین میں فرق سمجھا کر تقابل کرا کر دونوں کے پڑھنے میں خوب اچھی طرح فرق کرائیں

(۵) سمجھا دیں کہ "وْ" لین کو تو نہیں کھینچتے لیکن اس کے بعد والا حرف ساکن ہو (جیسا کہ عموماً وقف میں ہوتا ہے) تو اسے کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

(۶) بقیہ حسب سابق

**تختی نمبر۱۷** سب کچھ حسب سابق، البتہ یہ تختی پڑھا کر سمجھا دیں کہ حروف لین دو ہیں، پھر ان کی پہچان اور پڑھنے کا طریقہ سمجھا کر "وْ" مدہ اور "یْ" مدہ سے تقابل کرا دیں۔

**تختی نمبر۱۸** (۱) تشدید کی شناخت کرائیں کہ اس تین دندانے والی شکل کو تشدید کہتے ہیں۔

(۲) تشدید والے حرف کو مشدد کہتے ہیں۔

(۳) مشدد حروف دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے، ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے حرف سے مل کر اور دوسری مرتبہ اپنی حرکت کے مطابق یا اپنے بعد والے حرف سے مل کر۔

(۴) مشدد حرف کو سختی کے ساتھ ذرا رک کر پڑھتے ہیں۔

(۵) جزم اور تشدید، ساکن اور مشدد میں فرق واضح طور پر سمجھا دیں۔

(۶) "رّ" مشدد کو اس کی حرکت کے مطابق باریک یا پُر پڑھائیں۔

(۷) "نّ" مشدد اور "مّ" مشدد پر غنہ کرائیں۔

(۸) مشدد حروف پر وقف ہو تو اسے اس طرح ساکن کریں کہ تشدید باقی رہے اور حرکت کا کوئی حصہ ظاہر نہ ہو خصوصاً "یّ" مشدد "نّ" مشدد اور "یّ" مشدد پر وقف کرتے وقت خاص خیال رکھیں۔

(۹) حرف قلقلہ مشدد ہو اور اس پر وقف کیا جائے تو قلقلہ خوب ظاہر ہو۔

**تختی نمبر۱۹** (۱) چھوٹی مد اور بڑی مد کی پہچان کرائیں۔

(۲) بتائیں کہ دونوں کو تین سے پانچ الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

(۳) ہجہ کرتے وقت مد کا نام لیں۔

**تختی نمبر۲۰** ہدایات قاعدے میں درج ہیں۔